اخبار

غیر ملکی دانش وروں کا ادارہ تحقیقاتِ اسلامی میں ورود

ترکی اور امریکہ سے 'عالمی امن' کے مذاکرے میں شمولیت کرنے والے معروف دانش ور ۱ر اگست کو ادارہ تحقیقاتِ اسلامی میں تشریف لائے۔ یہ انقرہ یونیورسٹی کے پروفیسر ارحام زگان (ORHAN DUZGUNES) اور پروفیسر جمہور فرمان (JUMHUR FERMAN) رکولمبیا یونیورسٹی کے پروفیسر ہاورڈ رگم (HOWARD WRIGGIM) تھے۔ ان کے راہ سندھ یونیورسٹی کے ڈاکٹر نیاز الحق خان اور کراچی یونیورسٹی کے ڈاکٹر منظور الدین احمد ی تشریف لائے تھے۔

جناب ڈاکٹر محمد صغیر حسن معصومی ڈائرکٹر ادارہ نے معزز پروفیسروں کو خوش آمدید کہا۔ آپ نے معزز مہمانوں کے سامنے ادارے کے کئی منصوبوں (PROJECTS) کی وضاحت فرمائی۔ اور ارے کے دانش ور جن موضوعات پر اس وقت کام کر رہے ہیں ان پر روشنی ڈالی۔ مہمانوں کو ادارے کے مختلف حصے بھی دکھائے گئے۔

بعد ازاں معزز مہمانوں کی خدمت میں ادارے کی مطبوعات کا ایک ایک سیٹ پیش لیا گیا۔

قرآنی تصورِ خلافت ـــــ مذاکرہ کا انعقاد

۲۴ر اگست ہفتہ کے روز ادارہ تحقیقاتِ اسلامی نے "قرآنی تصورِ خلافت" کے موضوع یہاں ایک مذاکرہ منعقد کرایا۔ سیلون اور ایران سے آنے والے دانش وروں نے بھی اس یں شرکت کی۔

مذاکرے کا افتتاح جناب ڈاکٹر منظور الدین احمد ریڈر پولیٹیکل سائنس کراچی یونیورسٹی

(باقی صفحہ ۲۲۰ پر)